امام بیہقی نے اپنی مشہور کتاب شعب الایمان میں مندرجہ بالا حدیث کی صراحت میں ایمان کی ۷۷ شاخوں کو بڑی تفصیل سے جمع کیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اس کا اختصار ہے۔ اس کا مطالعہ ایمان کو جلا دینے اور تزکیہ نفس کے لیے بہت مفید ہے۔

ترقی اور افلاس | تالیف سید صدیق الحسن گیلانی، ایم، اے۔ شائع کردہ۔ ایوان ادب۔ چوک اردو بازار۔ لاہور۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن تین روپے، ادنیٰ ایڈیشن۔ دو روپے۔ صفحات۔ ۱۴۴

پاکستان کی معاشی ترقی کے چرچے تو بہت ہیں مگر یہ پتہ نہیں چلتا کہ آخر اس ترقی کے ثمرات سے کون خوش نصیب بہرہ ور ہو رہے ہیں۔ عوام کے اندر تو اس ترقی کی کوئی جھلک دکھائی نہیں دیتی۔ بلکہ اُن پر تو زندگی عذاب بن کر مسلط ہوتی جا رہی ہے۔ جناب سید صدیق الحسن گیلانی نے اس راز سے پردہ اُٹھایا ہے بلکہ فساد کے اصل مرکز کی نشاندہی کی ہے۔ فاضل مصنف کو اللہ تعالیٰ نے مومنانہ بصیرت کے ساتھ ساتھ حقائق کا صحیح فہم و شعور بھی عطا کیا ہے۔ انہوں نے غیر معمولی ذہانت کے ساتھ ان اسباب کا کھوج لگایا ہے جن کی دراز دستیوں نے عوام کو ترقی کے ثمرات سے یکسر محروم رکھا ہے۔

اس کتاب میں ملکی حالات کا جو جائزہ لیا گیا ہے وہ بڑا حقیقت پسندانہ اور فاضلانہ ہے اور اس میں نہایت قابل قدر معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

فاضل مصنف پوری پاکستانی قوم کی طرف سے تشکر یہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے سرمایہ دارانہ نظام کی تباہیوں سے عوام کو پوری طرح آگاہ کیا ہے۔ اس ملک کے تمام پڑھے لکھے افراد کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ کتاب کا معیار طباعت و کتابت عمدہ ہے۔ اور قیمت بھی بالکل مناسب ہے۔

نظریاتی کشمکش کی موجودہ فضا میں صحیح رہنمائی

مدیر "چٹان" کے ۳۱ سوالوں کا جواب

(انگریزی ترجمہ) مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی زبان سے

قیمت: ۸۰ پیسے (ایک شلنگ چھ پنس) کوکب صدیقی

پتہ: 113/P/2 PECHS- KARACHI-29